SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XXXII مجریہ ۲۰۰۱

SINDH ORDINANCE NO.XXXII OF 2001

سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات (چوتھی ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (FOURTH AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۲۰۰۰ کے سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ 18-A کی تبدیلی
Substitution of section 18-A of Sindh Ordinance No.X of 2000

سندھ آرڈیننس نمبر XXXII مجریہ ۲۰۰۱

SINDH ORDINANCE NO.XXXII OF 2001

سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات (چوتھی ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (FOURTH AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

تمہید (Preamble)

[۱۱ اکتوبر ۲۰۰۱]

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈیننس، ۲۰۰۰ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈیننس، ۲۰۰۰ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈر، ۲۰۰۰ (۲۰۰۰ کا نمبر ۸) کے تحت چیف ایگزیکٹو پاکستان نے بخوشی چیف الیکشنر کمشنر کو صوبوں میں بلدیاتی حکومت کے انتخابات کرانے کے لیئے بااختیار بنایا ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان اور پروویزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پروویزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پروویزنل کانسٹیٹوشن (ترمعم) آرڈر نمبر، ۹ اور اس سلسلے میں ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات (چوتھی ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور ۲۰ ستمبر ۲۰۰۱ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۲۔سندھ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈیننس، ۲۰۰۰ میں دفعہ 18-A کے لیئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

سندھ کے آرڈیننس نمبر X کی دفعہ 18-A کی تبدیلی

Substitution of section 18-A of Sindh Ordinance No.X of 2000

"18-A خالی سیٹوں پر انتخاب: (۱) اگر کسی میمبر کی سیٹ خالی رہ جاتی ہے یا کاؤنسل کی مدت کے دوران خالی ہوت ہے، نیا میمبر ضمنی انتخابات کے ذریعے منتخب کیا جائے گا اور ضمنی انتخابات کے

ذریعے منتخب کیا گیا میمبر کاؤنسل کے رہتے ہوئے عرصے تک عہدہ رکھہ سکے گا۔
(۲)اگر عورتوں کے لیئے مخصوص سیٹ خالی ہوتی ے، تو وہ اسی طرح ضمنی انتخابات ذریعے بھری جائے گی اور منتخب عورت میمبر کاؤنسل کےرہتے عرصے تک عہدہ رکھہ سکے گی۔
(۳) ساری ضمنی انتخابات سال میں ایک دفئھ ایسی تاریخ یا تواریخ پر کرائے جائیں گے جیسے چیف الیکشن کمشنر مقرر کرے۔
(۴)ناظم اور نائب ناظم یونین ناظم کی آسامی ضمنی انتخابات کے ذریعے ؤسامی پیدا ہونے کے ساٹھ دن کے اندر بھری جائے گی۔
(۵)ضلعہ ناظم، نائب ضلعہ ناظم، تعلقہ ناظم یا ٹاؤن ناظم، تعلقہ نائب ناظم یا ٹاؤن نائب ناظم کی آسامی ضمنی انتخابات کے ذریعے ایسی آسامی پیدا ہونے کے تیس دن کے دوران بھری جائے گی۔
(٦)جب ضلعہ ناظم یا نائب ضلعہ ناظم، تعلقہ ناظم، یا ٹاؤن ناظم، نائب تعلقہ ناظم یا ٹاؤن ناظم، یونین ناظم یا نائب یونین ناظم کا عہدہ طرا نہیں جاتا یا خالی رہتا ہے تو متعلقہ کاؤنسل کے میمبر اکثریتی ووٹ کے ذریعے عقتی ناظم یا نائب ناظم، جیسے معاملہ ہو، ان کو اپنے میمبر کے طور پر اپنا عہدہ بھی رکھے گا:
بشرطیکہ وقتی طور ناظم یا نائب ناظم ہونے والی ضمنی انتخابات میں ناظم یا نائب ناظم طور پر ترتیبوار انتخابات میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔"

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا